# لودھی برادری کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ

(کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ شدہ)

# قواعد و ضوابط

(اردو ترجمہ)

سوسائٹی کے رجسٹرڈ انگلش بائی لاز کا
اردو ترجمہ ممبران کی معلومات کیلئے
کرایا گیا ہے البتہ اس ترجمہ کی غلطی
کی ذمہ دار نہ ہوگی


لودھی برادری کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ، کراچی

مرکزی آفس

L-06,ST-16، سیکٹر 5-G، نارتھ کراچی۔ فون: 021-36905756

# لودھی برادری کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ

## (کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ کے تحت رجسٹرشدہ)

## قواعد وضوابط (اردو ترجمہ)

### اول: ابتدائی

ا۔ سوسائٹی کا نام اور پتہ:۔ لودھی برادری کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ ہوگا۔ اور اس کا رجسٹر پتہ 1/1 فرسٹ فلور کریم سینٹر ہے۔

۲۔ سوسائٹی کے مقاصد میں کوآپریٹو اصولوں کے مطابق تعمیرات کی تجارت، زمین کا حصول، خریداری، کرائے پر لینا، فروخت، کرائے پر چڑھانا۔ اور ان کی تیاری اور اپنے کرائے داروں کے لئے سماجی، تفریحی اور تعلیمی سہولتوں کا مہیا کرنا شامل ہے۔ سوسائٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ ہر وہ کام سرانجام دے جو اپنے قواعد وضوابط میں دیئے گئے مقاصد کے حصول کیلئے ضروری خیال کرے اور ان اختیارات میں یہ بھی شامل ہے کہ سوسائٹی ملکیتی اراضی کو خرید ے، اپنے قبضے میں رکھے، فروخت کرے، تبدیل کرے، رہن رکھے، کرائے پر دے، پٹے یا مکرر پٹے پر دے، کسی کے حوالے کرے، اور اس میں کاروبار کرے یا اس کی بالاقساط فروخت کرے نیز مقررہ شرائط وضوابط کے تحت ممبران کو جائیداد کی تعمیر، فروخت، ڈھانچہ کھڑا کرنے، گرانے، مرمت کرنے، تبدیل کرنے یا اس پہ تعمیر کسی بھی عمارت کے سلسلے میں کاروبار کرنے کے لئے قرض مہیا کرے اور اس کی ضمانت دے۔

### دوم: فنڈ اور سرمایہ کاری

۳: (۱) مندرجہ ذیل میں کسی بھی شکل میں فنڈ اور روپیہ اکٹھا کیا جاسکتا ہے۔

ا۔ فیس داخلہ　　ب۔ حصص　　ج۔ قرضہ جات بشمول ڈبینچر اور قرضہ جاتی راس المال

د۔ امانتیں　　ھ۔ عطیات اور زمین اور مکانات کی لاگت کی ادئیگی کی صورت میں۔

(۲) بشرطیکہ (ب) کے تحت کُل رقم کسی ایک وقت میں مبلغ =/100000 سے زیادہ نہ ہوگی سوائے اس کے کہ سوسائٹی کی جنرل میٹنگ اسکی منظوری دے۔ اس طرح (ج) اور (د) کے تحت حاصل رقم کسی ایک وقت میں ادا کردہ حصص اور محفوظات کی رقم کے آٹھ گنا سے زیادہ نہیں ہوسکتا تاہم کوئی قرض دہندہ ممبر یا کمپنی سے کاروبار کرنے والا کوئی اور شخص اس بات کا مجاز نہیں کہ وہ ان حدوں یا ان میں سے کسی حد کے پورا ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں پوچھے۔

۴: **امانتیں۔**

کسی بھی جنرل میٹنگ کے اندر امانتیں وصول کرنے کی حد بندی کا تعین کیا جا سکتا ہے اور جب یہ حدود متعین ہو جائیں تو اس کے بعد ان کی پابندی کرتے ہوئے میٹنگ کی منظوری کے بغیر کمیٹی ضابطہ نمبر ۳(ا)(د) کے تحت مبلغ آٹھ گنا پیڈ اپ شیئر کیپیٹل جمع ریزو فنڈ روپے سے زائد امانتیں وصول کر سکتی اور ان پر بنک ریٹ سے زائد سود نہیں دے سکتی۔

۵۔ ایک رجسٹرڈ سوسائٹی اپنے فنڈ کو چاہے تو سرمایہ کاری میں استعمال کرے یا اسے بطور امانت جمع کروادے جیسے مثلاً

ا۔ گورنمنٹ سیونگ بنک میں۔

ب۔ انڈین ٹرسٹ ایکٹ 1882 کی دفعہ (۲۰) میں مذکورہ کفالتوں میں۔

ج۔ حصص میں یا کسی دوسری رجسٹرڈ سوسائٹی کے حصص میں۔

د۔ کسی بنک میں یا کسی ایسے شخص کے پاس جو بینکاری کا روبار کرتا ہو۔ اور رجسٹرار کی طرف سے اس غرض کے لئے رجسٹر شدہ ہو۔

ھ۔ قوانین کے تحت کسی اور شکل میں۔

۶۔ سوسائٹی سندھ پروونشل کوآپریٹو یونین کراچی کی رکن بن جائے گی اور ضوابط کے مطابق اس یونین کو واجب الادا رقم کی وقتاً فوقتاً ادائیگی کرتی رہے گی اس طرح سوسائٹی کراچی سینٹرل کوآپریٹو بنک لمیٹڈ کی بھی ممبر بنے گی۔

**سوم: رکنیت**

۷: وہ تمام اشخاص جنہوں نے رجسٹریشن کے لئے درخواست پر دستخط ثبت کئے ہیں وہ ابتدائی ممبران ہوں گے۔ دوسرے ممبران کا انتخاب کمیٹی کرے گی۔ البتہ ہر ممبر کراچی کا مکین ہوگا دو نفی ووٹ کسی درخواست کو مسترد کرنے کے لئے کافی ہوں گے۔ داخلے کے لئے درخواست دینے والا ہر شخص =/5 روپے کی ادائیگی کرے گا۔ اگر درخواست مسترد کر دی جاتی ہے تو فیس داخلہ واپس کر دی جائے گی۔

A۸-

(ا) ممبران کی کل تعداد پلاٹوں / امکانات کی کل تعداد سے زیادہ نہ ہوگی جو کہ سوسائٹی کے پاس الاٹمنٹ کے لئے دستیاب ہیں

(ب) کسی بھی شخص کو سوسائٹی کی جگہ /پلاٹ الاٹ نہیں کیا جاسکتا جو پہلے ہی کسی کوآپریٹو سوسائٹی یا لوکل باڈی اسکیم میں کسی پلاٹ کا/کی مالک ہو یا رہ چکا/چکی ہو خواہ یہ ملکیت اس کے اپنے نام یا خاوند/بیوی کے نام یا نابالغ بچے/بچوں کے نام یا کسی زیرِ کفالت فرد کے نام ہو۔

(ج) الاٹمنٹ آرڈر کے اجراء سے پہلے سوسائٹی اس سلسلے میں ہر ممبر سے تحریری بیان لے گی۔

(د) غلط بیانی کی بنا پر حاصل کردہ الاٹمنٹ فوجداری قانون کے تحت قابلِ مواخذہ ہوگی۔ مزید براں ایسے الاٹ شدہ پلاٹ الاٹی کے نقصان اور لاگت پر سوسائٹی کے حق میں قابلِ ضبطی ہوں گے۔

- سوسائٹی کا کوئی ممبر اس وقت تک ممبر کی حیثیت سے اپنے حقوق استعمال نہیں کرسکتا جب تک کہ وہ سوسائٹی کے ایک حصہ کا مکمل ادائیگی کی بنیاد پر مالک نہ ہو۔

- (۱) کسی تحریک کی بنا پر سوسائٹی کے کسی بھی ممبر کی رکنیت جنرل میٹنگ میں موجود دو تہائی ووٹ دہندہ ممبران کی اکثریت سے ختم کی جاسکتی ہے (جو قطعی اور فیصلہ کُن ہوگی) بشرطیکہ سوسائٹی کی نظر میں وہ ممبر:

ا۔ مسلسل نادہندہ ہو۔

ب۔ غلط بیانات کی بنا پر سوسائٹی کی ارادتاً دھوکہ دہی کا مرتکب ہوا ہو۔

ج۔ دیوالیہ ہوگا یا قانونی طور پر ناکارہ ہوگیا ہو۔

د۔ کسی فوجداری جرم کا مرتکب ہوا ہو۔

ھ۔ ارادتاً کسی ایسی بات کا مرتکب ہوا ہو جو سوسائٹی کی ساکھ کو نقصان پہنچانے والی ہو۔

و۔ سوسائٹی کی طرف سے کرایہ پر لی ہوئی رہائش گاہ کو قطعی طور غلط استعمال کر رہا ہو یا اس میں عادتاً غیر آبرومندانہ انداز میں رہ رہے ہوں یا اس انداز سے رہ رہا ہو جو اس کے پڑوسیوں کیلئے انتہائی تکلیف دہ ہو۔

ز۔ ارادتاً کمیٹی (یا سوسائٹی کی طرف سے مقرر کردہ آفیسر) کے فیصلے کی خلاف ورزی کرے۔

(۲) کسی ممبر کو خارج کرنے کے لئے کمیٹی اسے پندرہ دن کا تحریری نوٹس دے گی۔

(۳) اس طرح خارج کردہ ممبر کو تاریخ اخراج کے دن اس کے اپنے حصص کے سلسلے میں سوسائٹی کو موصولہ رقم (پانچ فیصد کٹوتی کے بعد) لوٹا دی جائے گی۔

(۴) خارج کردہ ممبر کا دوبارہ داخلہ:

کوئی بھی خارج کردہ ممبر اس وقت تک دوبارہ ممبر نہیں بن سکتا جب تک کہ ایک باقاعدہ قرارداد کے بموجب جس کی اطلاع دے دی گئی ہو جنرل باڈی میٹنگ میں حاضر اور ووٹ دینے والے اپنی دوتہائی اکثریت سے اس بات کا فیصلہ نہ دے دیں۔

۱۴۔ ایک رکن کی ذمہ داری نہیں بڑھے گی اس رقم سے زیادہ جو (اگر ہے) واجب الادا اس پر یا اس کی جائیداد پر۔

۱۵۔ انتقالِ مفادات

(۱) نامزدگی کا طریق کار:

کوئی بھی ممبر اپنے عرصہ حیات کے دوران سوسائٹی کے پاس اپنے دستخطوں کے ساتھ تحریر آیا اسکے پاس موجود کسی رجسٹر میں بذریعہ بیان اپنی موت کی صورت میں ایکٹ کی دفعہ ۲۷ کے تحت سوسائٹی میں اپنے حصے یا مفاد یا اس سلسلے میں نامزدگی کے تحت اس کے کسی بھی حصے کی منتقلی کے سلسلے میں نامزدگی کرسکتا ہے یا ایکٹ کی دفعہ ۲۷ کے تحت آنے والی رقم یا ان کے کسی حصے کی ادائیگی ایسی نامزدگی کے تحت ادا کردی جائیں گی۔

(۲) نامزدگی کی تنسیخ و تبدیلی:

ممبر شپ کی درخواست دیتے وقت کی گئی نامزدگی کی تنسیخ اور تبدیلی بھی مندرجہ بالا طریق کے تحت نامزد کرنے والے کی دستخطی تحریر یا بیان کے ذریعے عمل میں لائی جاسکتی ہے۔

(۳) نامزدگی اور تنسیخ پر فیس:

رکنیت کے لئے درخواست دیتے وقت کی گئی نامزدگی پر کسی قسم کی فیس نہیں لی جائے گی۔ تاہم بعد میں کی گئی نامزدگی کے اندراج، تنسیخ یا تبدیلی کے لئے مبلغ =/1 روپے بطور فیس ادا کرنا ہوگا۔

۱۶۔ کسی ممبر کے انتقال پر کارروائی اس طرح عمل میں آئے گی۔

(۱) اگر نامزدگی کی گئی ہو:

کسی ممبر کی باوثوق موت کی اطلاع ملنے پر سوسائٹی متعلقہ ممبر کے حصے یا مفاد کی منتقلی اس شخص کو کرسکتی ہے جس کی نامزدگی قوانین کے تحت کردی گئی تھی یا اگر نامزدگی نہیں کی گئی تھی تو سوسائٹی یہ منتقلی ایسی شخص مذکورہ وارث یا قانونی نمائندہ کو کرسکتی ہے یا نامزد کردہ شخص، وارث یا قانونی نمائندے وہ رقم ادا کرسکتی ہے جو اس نامزد کردہ شخص / اوارث یا قانونی نمائندے / احصہ ہے جس کا تعین قانون کے تحت ہوگا اور جس میں سے وہ تمام رقم منہا کرلی جائے گی جو سوسائٹی کی طرف سے شخص مذکورہ کے ذمے واجب الادا ہیں بشرطیکہ نامزد کردہ شخص، وارث یا قانونی نمائندہ قانون اور سوسائٹی کے قواعد وضوابط کے تحت ممبر بننے کا اہل ہو یا اسکی درخواست پر جو نامزد کرنے والے کی وفات کے ایک ماہ کے اندر ہونی چاہیئے۔ اس شخص کو جو درخواست میں متعین کردیا گیا اور اہل ہو۔ بشرطیکہ مزید براں جہاں نامزد کردہ اشخاص، وارث یا قانونی نمائندے ایک سے زیادہ ہیں ان میں سے ایک عام ممبر کی حیثیت سے درجہ کیا جاسکتا ہے اور دیگر قاعدہ نمبر ے کے تحت رسمی ممبران کے طور پر درج کئے جاسکتے ہیں یہ بات کہ کون سا ممبر عام ممبر ہے جو ووٹ وغیرہ دینے کا اہل ہو اس کا فیصلہ نامزد کردہ اشخاص، ورثاء یا قانونی نمائندے، جو بھی صورت ہو، اپنے باہمی فیصلے سے کرینگے اور ان کے فیصلے سے انتظامیہ کمیٹی کو آگاہ کردیا جائے گا اگر وہ مناسب وقفہ کے اندر ایسا فیصلہ کرنے سے قاصر رہتے ہیں تو اس امر کا فیصلہ انتظامیہ کمیٹی کرے گی۔ جس کا فیصلہ قطعی اور آخری ہوگا۔

(۲) سوسائٹی دیگر تمام رقوم نامزد کنندہ کے نامزد کردہ شخص یا وارث یا قانونی نمائندے جو بھی صورت ہو ادا کرسکتی ہے۔

(۳) اس قاعدے کے تحت سوسائٹی کی طرف سے کی گئی منتقلی اور ادائیگی ہر اس مطالبہ کے مقابل درست اور موثر سمجھی جائے گی۔ جو کوئی شخص سوسائٹی پر کرتا ہے۔

## چہارم: حصص

۱۷۔ کمپنی کا حصص سرمایہ اکٹھا کرنے کے لئے ہر حصے کی عرفی قیمت مبلغ =/100 روپے ہوگی۔ جو سب کے سب سوسائٹی کے ممبران کی ملکیت ہوں گے

۱۸۔ (۱) حصص کی تمام رقم یا تو الاٹمنٹ کے وقت ادا کرنا ہوگی یا وقتاً فوقتاً بالاقساط جن کا تعین کمیٹی کرے گی۔

(۲) طلبی پر ناکامی: اگر کوئی بھی ممبر رقم طلب کرنے پر تیس (۳۰) دن کے نوٹس کے اندر اندر رقم ادا نہیں کرتا تو کمیٹی ایسے ممبر کا حصہ ضبط کرسکتی ہے جو اس صورت میں سوسائٹی کی ملکیت بن جائے گا۔

۱۹۔ حصص کی ملکیت کی حد بندی:

کوئی ممبر سوسائٹی کے حصص میں مبلغ =/5000 روپے سے زیادہ کا دعویٰ یا مفاد نہیں رکھ سکتا۔

۲۰۔ (۱) قاعدہ نمبر ۱۹ کی رعایت کوئی بھی ممبر اپنا حصہ کسی بھی دوسرے ممبر کو فروخت کر سکتا ہے تاہم ایسی فروخت کمیٹی کی پہلے سے دی گئی اجازت کے بغیر نہیں ہو سکتی جو اس اجازت دینے یا نہ دینے کی مکمل طور پر مجاز ہے۔ منتقلی کی صورت بائی لاز میں دی گئی قواعد کے مطابق ہوگی یا اس صورت کے تحت جس کی کمیٹی اجازت دے۔

(۲) **منتقلی کی رجسٹریشن:**

جب تک کسی حصے کا سوسائٹی میں با قاعدہ اندراج نہیں ہو جاتا اس وقت تک حصص کی منتقلی حاصل کرنے والا سوسائٹی کے مقابل کسی قسم کا استحقاق نہیں رکھتا اور نہ ہی سوسائٹی کی طرف سے کوئی دعویٰ حصہ منتقل کرنے والا پر متاثر ہوگا۔

۲۱۔ کمیٹی ایک حصص رجسٹر کا انتظام کرے گی۔ اس رجسٹر میں اس ممبر کا نام، پیشہ، اور پتہ درج ہوگا جس کو ابتدا میں یہ حصہ دیا گیا تھا اور اس طرح ہر بعد میں آنے والے مالک حصص قاعدہ نمبر 21 کے تحت منتقلی کی منظوری کی تاریخ کے۔ اس طرح اگر حصے کی دوبارہ ادائیگی کی گئی یا ضبط کر لیا گیا یا منسوخ کر دیا گیا تو ایسی دوبارہ ادائیگی، ضبطی یا تنسیخ کی تاریخ کا اندراج کیا جائے گا۔

۲۲۔ ہر حصے کی منتقلی پر سوسائٹی کو مبلغ =/25 روپے بطور فیس ادا کرنا ہوگا۔

## پنجم: سوسائٹی کے واجب الادا قرضوں کی وصولیابی۔

۲۳۔ اپنے قرضوں کے واجب الادا ہونے کی صورت میں سوسائٹی ممبر یا پرانے ممبر کے حصص پر یا سرمائے میں مالیاتی مفاد پر نیز منافع منقسمہ، بونس اور ممبر یا پرانے ممبر کو قابل ادا منافع پر حق رکھتی ہے۔ یعنی وہ کسی ممبر یا پرانے ممبر کو قابل ادا رقوم میں سے اپنا واجب الادا قرض منہا کر سکتی ہے۔

## ۲۴۔ حصص یا سرمائے کے مالیاتی مفاد میں سے ادائیگی کا طریق کار:

اگر کسی وقت کسی ممبر یا پرانے ممبر کی طرف واجب الادا قرض کی رقم ایسے ممبر کو قابل ادا یا جمع شدہ رقم کے برابر ہو یا زیادہ ہو تو کمیٹی ایسے ممبر یا پرانے ممبر کو نوٹس جاری کر سکتی ہے کہ نوٹس کے اجراء کے ۱۴ دن کے اندر اندر نوٹس میں مقرر کردہ جگہ پر ایسی رقم کی ادائیگی کر دے۔ اگر نوٹس کی شرائط پوری نہ کی جائیں تو کمیٹی قرض کی وصولی کے لئے ایسے ممبر یا پرانے ممبر کے حصص،

سرمائے میں مالیاتی مفاد، امانتوں، بونس، منافع منقسمہ یا قابل ادا منافع کو استعمال کر سکتی ہے اور ایسے ممبر یا پرانے ممبر کو قابل ادا رقوم یا اس کے کھاتے میں جمع شدہ رقوم نیز منافع منقسمہ اور مالیاتی مفاد (جس کا اعلان کیا جا چکا ہے لیکن ابھی قابل وصول ہے) کے کمیٹی کی طرف سے اس طرح استعمال ہو جانے کے اعلان کے بعد سوسائٹی کی ملکیت بن جائیں گے اور اس ضمن میں نوٹس میں ایک بیان بھی شامل کیا جائے گا جس تاریخ کو میٹنگ میں اس طرح کی وصولیابی کی تخصیص عمل میں آئے، سیکریٹری اس کے سات دن کے اندر اندر ایسے ممبر یا پرانے ممبر کو وصولیابی کی تخصیص کے سلسلے میں نوٹس جاری کرے گا۔ جن کے حصص، سرمایہ میں مالیاتی مفادات، امانتوں، منافع منقسمہ، بونس یا نفع کے مقابل یہ وصولیابی کی تخصیص عمل میں آئی۔ ایسی وصولیابی کی تخصیص کے عمل میں آنے کی تاریخ سے ایک کیلنڈر ماہ کے اندر اندر کمیٹی کسی بھی وقت مناسب جواز کی موجودگی میں جسے کمیٹی بھی تسلیم کرے اس طرح کی وصولیابی کی تخصیص کو منسوخ کر کے ممبر یا پرانے ممبر کے مالیاتی حقوق بحال کر سکتی ہے۔

## ۲۵۔ حصص یا مالیاتی مفادات کی وصولیابی کیلئے تخصیص کے بعد ممبر یا پرانے ممبر کی ذمہ داری۔

اگر کسی ممبر یا پرانے ممبر کے مالیاتی حقوق قاعدہ نمبر ۲۴ کے تحت وصولیابی کے لئے مخصوص کر دیئے گئے ہوں اور ممبر کی طرف سے ادا کردہ یا جمع شدہ رقم اور منافع منقسمہ (اگر ہے) سوسائٹی کے حق میں جمع کر دیا گیا ہو اور پھر بھی ممبر یا پرانے ممبر پر سوسائٹی کی واجب الادا رقم کا کچھ باقی ہو تو ممبر یا پرانا ممبر اس رقم کو سوسائٹی کے قرض کے طور پر ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا اور کمیٹی ایسی رقم کی ادائیگی کے لئے مناسب اقدامات اٹھانے کی مجاز ہوگی۔

۲۶۔ مالیاتی مفادات کے سوسائٹی کے حق میں احتباس (روک لینا) کو نافذ کرنے کے لئے کمیٹی قاعدہ نمبر ۲۵ کے تحت ضبط شدہ حقوق کو ضبط کرنے کی بجائے ایسے ضبط شدہ حقوق یا اس کے کسی حصے کو اپنی صوابدید کے مطابق بیچ سکتی ہے تاہم کوئی فروخت اس وقت تک مستحق نہ ہوگی۔ جب تک کہ واجب الادا رقوم کی تاریخ نہ آ جائے یا جب تک کہ مطالبہ رقم کو تحریراً مطلوبہ رقم کی تعداد کے ساتھ اور اس عندیہ کے ساتھ کہ اگر رقم ادا نہ کی گئی تو فروخت عمل میں آ سکتی ہے۔ بذریعہ رجسٹرڈ خط ممبر یا پرانے ممبر کے رجسٹرڈ پتہ پر نہ بھجوا دیا گیا ہو یا اس شخص (اگر کوئی ہو) جو ضبط شدہ حقوق کا بذریعہ انتقال حقدار ہو۔ نیز عدم ادائیگی رقم کے نوٹس کے اجراء کو سات دن گزر چکے ہوں۔

۲۷۔ جب اس طرح کی فروخت کمیٹی کو دیئے گئے اختیارات کے حوالے سے عمل میں آ چکی، تو کمیٹی فروخت کردہ ضبط شدہ حقوق کے ضمن میں خریدار کے نام کو رجسٹر میں درج کروا سکتی ہے۔ اس ضمن میں خریدار کارروائی کے معمول کے لوازمات یا زر خرید کی درخواست کا پابند نہ ہوگا۔ رجسٹر میں ان ضبط شدہ حقوق کی خریداری کے جاری نام درج ہو جانے کے بعد، اس خریداری کے

درست ہونے کو کوئی شخص چیلنج نہیں کر سکے گا۔اس سلسلے میں نقصان اٹھانے والے کے نقصان کے ازالے کی تمام تر ذمہ داری صرف اور صرف سوسائٹی کی ہوگی۔

۲۸۔ فروخت سے حاصل ہونے والی خالص آمدنی سوسائٹی کی واجب الادا رقم کی ادائیگی کے لئے استعمال کی جائے گی۔اگر کچھ رقم بچ جاتی ہے تو یہ متعلقہ ممبر یا پرانے ممبر کو ادا کی جائے گی۔

## ششم: حصص اور ادھار سرمایہ کی ادائیگی

۲۹۔ سوسائٹی کے ذمے تمام موجودہ مطالبات زر کی ادائیگی کا معقول لحاظ رکھتے ہوئے کمیٹی کو اختیار ہے کہ وہ ان رقوم کو جو وہ سوسائٹی کے کاروبار میں منافع بخش مین نہیں لگا سکتی یا ممبر کے مفاد میں نہیں صَرف کر سکتی اسے وقتاً فوقتاً حصہ رسدی بنیاد پر فی الوقت واجب الادا ادھار سرمائے کو چکانے میں استعمال کرے یا ادھار سرمائے کی ادائیگی کے بعد اس قسم کی رقم کو کسی ممبر کی طرف سے مقررہ حد سے حصص کی زائد خریداری میں لگی رقم کو حصہ رسدی بنیاد پر واپس ادا کرنے میں صرف کرے۔

۳۰۔ مشروط بہ قاعدہ نمبر ۲۹ مذکورہ بالا حصص یا ادھار سرمایہ کے کسی حامل کی درخواست پر کمیٹی اس کے حساب میں جمع رقم کے برابر رقم ادا کر سکتی ہے۔

۳۱۔ اگر کوئی ممبر کرایہ دار نہیں رہتا تو کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ اس حصص پر ادا شدہ رقم سے پانچ فیصد منہا کر کے اسکی رقم ادا کر دے البتہ اگر کمیٹی اپنے حق کو استعمال کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی تو حامل حصص کو اختیار ہوگا کہ قاعدہ نمبر ۲۰ اور ۲۱ کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان کو منتقل کر دے۔

۳۲۔ سیکریٹری ایسے حامل حصص کو کمیٹی کی قرارداد بسلسلہ ادائیگی رقم (بعد از منہائی مذکورہ بالا) سے مطلع کرے گا جو ایسے حامل کے حصہ کے مقابل ادا کی گئی ہو اور اس اطلاع نامہ میں ادائیگی کے وقت اور جگہ کا بھی تعین کرے گا۔اس کے ساتھ ہی ایسے حصص کی ملکیت ختم ہو جائے گی۔تاریخ ادائیگی کے بعد جس کا اس نوٹس میں تذکرہ ہے ان حصص کا حامل منافع منقسمہ اور سود کا جو اس حصے کے مقابل جمع شدہ رقم پر قابل ادا ہوگا، حقدار نہیں ہوگا۔

۳۳۔ کسی بھی حصص کے سلسلے میں ادا کردہ رقم کی مقدار اس رقم کی مقدار سے زیادہ نہ ہوگی جو وقتاً فوقتاً اس سلسلے میں سوسائٹی کی جنرل باڈی میٹنگ کے فیصلے کے مطابق کمیٹی کے سپرد کی جائے۔سوسائٹی کے حسابات میں اس کا باقاعدہ اندراج کیا جائے گا۔

## ہفتم: قرضے اور ادھار سرمایہ

۳۴۔ (ا) کمیٹی، سوسائٹی کے اغراض ومقاصد کے لئے کسی بھی شخص سے روپیہ پیسہ قرض لے سکتی ہے خواہ وہ شخص سوسائٹی کا ممبر ہو یا نہ ہو۔ یہ قرض ضمانت کے ساتھ اور بغیر ضمانت کے لئے جاسکتے ہیں اور اسکی کوئی بھی شرائط ہوسکتی ہیں جو کمیٹی مناسب سمجھے۔ البتہ شرح سود ـــــــــ فیصد سالانہ سے زیادہ نہ ہوگی۔

(ب) سوسائٹی کی زمین پر قابل ادا رقوم اور جملہ رہن کے سلسلے میں ایک الگ رجسٹر ہوگا۔

(ج) سوسائٹی کی طرف سے جاری کردہ کوئی بھی بانڈ اس میں مخصوص یا اس سے منسلک جدول میں مذکور سوسائٹی کی کسی بھی اراضی کے مقابل خصوصی مطالبہ کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔

۳۵۔ قاعدہ نمبر ۳(ج) کے تحت سوسائٹی کے کسی بھی ممبر یا دیگر اشخاص کو ادھار سرمایہ جاری کرسکتی ہے۔ اسکی شرائط حسب ذیل ہونگی۔

(ا) ایسا سرمایہ بالاقساط قابل ادا ہوگا یا دیگر کسی ایسے طریقے کے ذریعے جو کمیٹی اس اجراء سے قبل وقتاً فوقتاً مقرر کرے۔

(ب) ایسے سرمایہ پر سود (سہ ماہی بنیاد پر) قابل ادا ہوگا جو ـــــــــ فیصد سالانہ سے زیادہ نہ ہوگا جس کا تعین کمیٹی اس اجراء سے وقتاً فوقتاً کرے گی۔

(ج) ایسے سرمائے کے اصل زر کو واپس لینے کا حق نہ ہوگا سوائے اس کے سوسائٹی مسلسل دو سال تک واجب الادا سود کی ادائیگی سے قاصر رہے یا پھر سوسائٹی کا خاتمہ ہوجائے۔

(د) ایسے سرمائے کی ضمانت وہی کمیٹی کے دو ممبران اور سیکریٹری اپنے دستخطوں کے ساتھ مقروض ہونے کی دستاویز کے طور پر دینگے جس میں متعلقہ مالکان کے قرضہ جاتی سرمایہ کی مقدار کا اندراج ہوگا۔

(ہ) کمیٹی اس عرصہ کے دوران قرجہ جاتی سرمائے کے مالک کا رجسٹر رکھے گی۔

## ہشتم: اجلاس عام

۳۶۔ ممبران کا پہلا اجلاس سوسائٹی کے رجسٹر ہونے کے تین کیلنڈر ماہ کے اندر اندر یا مزید اتنے عرصے کے اندر اندر جس کا رجسٹرار تعین کردے، ہوگا۔ اس اجلاس میں کمیٹی ریٹائر ہوجائے گی۔ اگرچہ مکرر انتخاب کی اہل ہوگی۔ کمیٹی اجلاس کے اندر میٹنگ سے چودہ دن پہلے تک کا حساب کتاب پیش کرے گی۔ اور اس وقت تک کے طے لین دین کے بارے میں رپورٹ بھی پیش کرے گی۔

اسی قاعدے کے تحت اجلاس عام کمیٹی اور آڈیٹر کا انتخاب کرے گا۔اس طرح کسی بھی دوسرے اہل کار کا انتخاب کرے گا۔ جسے کمیٹی مقرر نہیں کرسکتی۔ نیز کسی دوسرے مسئلے یا کمیٹی پیش کردہ رپورٹ اور حسان کتاب سے متعلقہ مسائل پر غور کرے گا۔اس اجلاس کے بارے میں اطلاع قاعدہ نمبر ۴ کے مطابق دی جائے گی۔ نیز اجلاس سے چودہ روز قبل رجسٹرار کو بھی اسکی اطلاع کی جائے گی۔

۳۷۔ سالانہ عام اجلاس متعلقہ سال کے لئے سوسائٹی کے حسابات کے لئے تاریخ مقرر کرنے کے تین ماہ کے اندر اندر منعقد ہوگا۔اس کے فرائض میں مندرجہ ذیل شامل ہونگے۔

(۱) سوسائٹی کے قواعد وضوابط کو تشکیل دینا۔ان میں اضافہ کرنا انہیں تبدیل یا منسوخ کرنا۔

(۲) صدر، کمیٹی، آڈیٹر اور دیگر اہل کاروں (یا سوا ان کے جن کی نامزدگی کمیٹی کے دائرہ اختیار میں ہے) کا انتخاب کرنا اور ان کے معاوضوں (اگر ہوں) کا مقرر کرنا۔

(۳) کمیٹی کی طرف سے رپورٹ سال گزشتہ کے دوران سوسائٹی کی کارکردگی کے بارے میں بیان بمعہ ایسے بیانات کے جس میں وصولیاں اور اخراجات، اثاثے اور واجبات ارسال کے لئے نفع ونقصان کے حسابات درج ہوں، کا وصول کرنا۔

(۴) آڈٹ کی یادداشت پر غور کرنا۔اس طرح رجسٹرار کی طرف سے موصولہ کسی معاملے کا نوٹس لینا۔

(۵) ان قواعد وضوابط کی رو سے سوسائٹی پر وقتاً فوقتاً عائد ہونے والے فرائض کی انجام دہی۔

(۶) کمیٹی کی طرف سے مجوزہ دیگر امور پر غور وخوض جو کمیٹی اس کے سامنے پیش کرے یا جن کے بارے میں کمیٹی کو ایسے اجلاس کے منعقد ہونے سے چودہ (۱۴) روز قبل نوٹس دیا گیا ہو۔

۳۸۔ عام اجلاس کے دوران تمام امور ووٹ دینے والے حاضر ممبران کی سادہ اکثریت سے طے کئے جائیں گے سوائے اس کے ایکٹ میں، قوانین میں یا ان قواعد وضوابط میں اس سلسلے میں کوئی خصوصی ہدایت ہو۔رائے کا اظہار ہاتھ اٹھا کر کیا جائے گا۔صدر کو اپنے عام ووٹ کے علاوہ فیصلہ کن ووٹ کا بھی حق حاصل ہے ہاتھ کھڑا کرنے یا پرچی کے ذریعے اظہار رائے کی صورت میں نتیجے کے اعلان کے وقت یا اس سے پہلے اگر تین ممبران انتخابی پرچی کا مطالبہ کریں تو ایسی رائے دہی فوری طور پر انتخابی پرچی کے ذریعے عمل میں آئے گی۔سوسائٹی کے معاملات کی حد تک اور مالیاتی مفاد کی حقدار کے قطع نظر ہر ممبر کو ایک ووٹ کا حق حاصل ہوگا۔

۳۹۔ کمیٹی کے حکم یا 1/5 ممبران کی دستخطی طلبی پر یا رجسٹرار کی طلبی پر خصوصی اجلاس عام طلب کیا جاسکتا ہے۔ جو ایسی طلبی یا حکم موصول ہونے کے بعد جلد از جلد بلایا جائے گا۔ جو سوسائٹی کے اجلاس عام کے لئے مقرر کردے۔خصوصی اجلاس عام میں نوٹس میں

دیئے گئے معاملہ کے سوا کسی دوسرے معاملے پر بحث نہ ہو سکے گی۔

۴۰۔ اجلاس عام کے سلسلے میں دیئے گئے ہر نوٹس میں جگہ اور وقت کے بارے اطلاع شامل ہوگی۔ اس طرح اگر کسی افسران کا انتخاب ہو رہا ہے تو اس سلسلے میں یا کسی بھی معاملے میں جس کے لئے میٹنگ بلائی جا رہی ہے نوٹس میں تذکرہ ہوگا۔ اجلاس عام کی صورت میں یہ نوٹس ممبران کے رجسٹرڈ پتے پر اجلاس کی تاریخ سے کم از کم دس دن پہلے حوالہ ڈاک کر دیا جائے گا۔ جبکہ خصوصی اجلاس عام کی صورت میں یہ مدت کم از کم پانچ دن ہوگی۔ البتہ غیر معمولی حالات میں کمیٹی کے متفق فیصلہ کے مطابق اس سے کم عرصے کا نوٹس بھی دیا جا سکتا ہے کسی ممبر کو نوٹس کے نہ ملنے کے باعث اجلاس عام کی کارروائی کو مسترد نہیں کیا جا سکتا۔

## نہم: اجلاس عام کی کارروائی

۴۱۔ منافع منقسمہ کے اعلان اور اجلاس ملتوی کرنے کے سوا، اجلاس میں کوئی کارروائی اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک کہ میٹنگ شروع ہونے پر کورم پورا نہ ہو۔ کسی بھی عام اجلاس کا کورم فی الوقت سوسائٹی کے ممبران کی کُل تعداد کا 3/5 ہوگا یا ۲۰ ہوگا (جو بھی کم ہو) صدر کے کرسی صدارت پر بیٹھنے کے بعد اجلاس کی کوئی کارروائی کورم کے کم ہونے کے باعث قابل استرداد نہ ہوگی۔

۴۲۔ اگر میٹنگ کے لئے مقررہ وقت کے آدھ گھنٹے تک کورم پورا نہیں ہوتا تو ممبران کی طرف سے طلب کردہ میٹنگ ختم ہو جائے گی۔ دوسری صورت آئندہ ہفتے کے اسی دن اسی جگہ اسی وقت تک اس کا التواء ہو جائے گا اور اگر اس ملتوی شدہ میٹنگ میں کورم پورا نہیں ہوتا تو حاضر ممبران کی تعداد اس کا کورم ہوگا اور وہ تمام کاروبار کر سکے گا۔ جو مکمل کورم کر سکتا ہے۔

۴۳: سوسائٹی ہر اجلاس عام کی صدارت، سوسائٹی کا صدر کرے گا اگر صدر نہ ہو یا صدر غیر حاضر ہو یا وہ اجلاس کی صدارت نہ کرنا چاہے تو کمیٹی کا چیئرمین صدارت کرے گا اور وہ بھی غیر حاضر ہو یا صدارت نہ کرنا چاہے تو سوسائٹی کے ممبران اپنے میں سے حاضر ممبران میں سے کسی کو صدارت کے لئے منتخب کر سکتے ہیں اور اگر کمیٹی کا کوئی بھی ممبر حاضر نہ ہو یا صدارت کرنا نہ چاہے تو حاضر ممبران اپنے میں سے کسی کو اجلاس کا چیئرمین منتخب کر سکتے ہیں۔

۴۴۔ اجلاس کا چیئرمین، میٹنگ کی رضامندی سے، میٹنگ کو وقتاً فوقتاً اور جگہ بہ جگہ ملتوی کر سکتا ہے البتہ ایسی ملتوی شدہ میٹنگ میں صرف وہ امور زیرِ غور آ سکتے ہیں جو میٹنگ کا التواء کرتے وقت باقی رہ گئے تھے۔ جب کسی میٹنگ کا التواء ۲۱ روز یا اس سے زیادہ

کے لئے عمل میں آئے تو ملتوی شدہ میٹنگ کا نوٹس اسی طرح دیا جائے گا جس طرح اصل میٹنگ کا نوٹس دیا گیا تھا۔ سوائے اس کے کہ جب کہ تذکرہ آچکا ہے التواء یا ملتوی کردہ میٹنگ میں زیرِ غور والے امور کے بارے میں نوٹس دینا ضرور نہ ہوگا۔

۴۵۔ (ا) کسی اجلاس عام میں کوئی ایسا ریزولیوشن پیش نہیں کیا جاسکتا جس کا مقصد الیکشن کے چھ ماہ کے اندر اندر مجلس عاملہ کے انتخاب کو درہم برہم کرنا ہو۔

(ب) اجلاس میں کسی پہلے ریزولیوشن کو منسوخ کرنے کے سلسلے میں ریزولیوشن پیش کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اصل پوزیشن کو منظور کئے چھ ماہ گزر چکے ہوں۔

## دہم: کمیٹی

۴۶۔ سوسائٹی کے رجسٹریشن کی تاریخ سے سوسائٹی کے اجلاس عام تک صدر اور کمیٹی وہ اشخاص ہوں گے جو ان قواعد و ضوابط کو تسلیم کرنے والوں کی اکثریت رائے سے صدر اور کمیٹی کے طور پر مقرر کئے گئے ہوں اور کمیٹی کے ممبران کی تعداد قاعدہ نمبر ۳۶ کے مطابق ۹ سے کم نہ ہوگی۔

۴۷۔ (ا) سوسائٹی کے پہلے سالانہ اجلاس عام اور اس کے بعد ہر سالانہ اجلاس عام کے موقع پر صدر اور کمیٹی کے ایک تہائی ممبران ریٹائر ہوجائینگے۔ کمیٹی کے ایک تہائی ریٹائر ہونے والے ممبران وہ ہونگے جو تقرری یا الیکشن کے وقت سے سب سے پرانے ہوں گے اور اگر ان میں سے کوئی دو افراد ایک ہی دن کمیٹی کے ممبر بنے ہوں تو (سوائے اس کے کہ وہ باہمی رضامندی سے کوئی فیصلہ کرلیں) ریٹائر ہونے والا ممبر کا فیصلہ رائے شماری سے ہوگا اور کمیٹی کی تعداد تین پر برابر تقسیم نہ ہوسکے تو ریٹائر ہونے والے ممبران کی تعداد کا تعین وہ اجلاس عام کرے گا جس میں کمیٹی کے ممبران کا انتخاب عمل میں آئے گا۔

(ب) ریٹائر ہونے والا صدر اور کمیٹی کے ممبران دوبارہ انتخاب کے اہل ہوں گے۔

(ج) صدر اور کمیٹی ممبران کے لئے نامزدگیاں تحریری ہونا چاہئیں جو ہر سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے ایک ماہ قبل سوسائٹی کے رجسٹرڈ دفتر میں وصول ہوجانی چاہئیں۔ ہر نامزدگی میں نامزد ممبر کا مکمل نام، پتہ، اور پیشہ کا واضح اندراج ہونا چاہیئے اور اس پر اس ممبر کے دستخط ہوں گے جو نامزدگی کررہا ہے اسی طرح نامزد ممبر اپنی رضامندی کا اظہار کرے گا۔ کہ وہ صدر یا کمیٹی کے ممبر کے طور پر کام کرے گا۔

(د) کمیٹی سوسائٹی کی رجسٹریشن کے بعد اپنی پہلی میٹنگ میں یا اجلاس عام کے بعد اپنی پہلی میٹنگ میں اور بعد میں ہونے

والی ہر سالانہ عام میٹنگ کے بعد اپنی پہلی میٹنگ میں اپنے میں سے کسی ایک ممبر کو اپنا چیئر مین منتخب کرے گی۔ جو کمیٹی کی دو تہائی اکثریت سے کسی ایسے اجلاس میں صدارت سے الگ کیا جا سکتا جو خاص اس مقصد کے لئے بلایا گیا ہو۔

۴۸۔ (ا) اگر ریٹائر ممبر کی جگہ جس اجلاس میں پُر ہونا تھا نہ ہو سکے تو کمیٹی قواعد کے تحت اس جگہ کو خود پُر کر سکتی ہے۔

(ب) کمیٹی میں اتفاقی خالی ہونے والی جگہ کمیٹی پُر کر سکتی ہے اور نامزد ممبر اس وقت ممبر رہے گا جب تک کہ جگہ خالی کرنے والے ممبر کی مدت باقی ہوگی۔

۴۹۔ کمیٹی ممبر کو اس کے عہدے سے کسی بھی وقت ہٹایا جا سکتا ہے۔ بشرطیکہ کسی خاص اجلاس عام میں اس کے خلاف دو تہائی اکثریت ووٹ پاس ہو جائے۔ ازاں بعد یہ اجلاس عام اس کی جگہ پُر کرنے کے لئے کارروائی کر سکتا ہے۔ ایسے ریزولیوشن کا فیصلہ ووٹوں کی سادہ اکثریت سے ہوگا۔

۴۹(ا) پہلی کمیٹی کے ممبر کے سوا کوئی شخص جو سوسائٹی کی رجسٹریشن کے ایک ماہ کے اندر اندر اپنی شرائط اہلیت حاصل کرے گا، کمیٹی کا ممبر نہیں بن سکتا جس کے پاس کم از کم =/500 روپے مالیت کے ادا شدہ حصص نہ ہوں۔

۵۰۔ اگر کوئی ممبر کمیٹی دیوالیہ ہو جاتا ہے یا دوسرے ساتھیوں کے مشترکہ طور پر دیوالیہ ہوتا ہے، یا ذہنی طور پر بیمار ہو جاتا ہے یا پاگل ثابت ہو جاتا ہے یا کسی جرم میں اسے چھ کیلنڈر یا 6 زائد کی سزا ہو جاتی ہے یا معقول اہلیت حاصل نہیں رکھتا یا کمیٹی سے خصوصی رخصت حاصل کئے بغیر اس کے اجلاسوں سے تین کیلنڈر ماہ غیر حاضر رہتا ہے یا کمیٹی کو اپنے استعفےٰ کی بابت ایک ماہ کی تحریری نوٹس دیتا ہے یا سوسائٹی کی طرف کئے گئے کسی معاہدے کے تحت ہونے والے نفع میں شریک ہے (سوائے اس کے کہ وہ کسی سوسائٹی، کمپنی یا بینکرز کی فرم کا ڈائریکٹر، ممبر کمیٹی، آفیسر، ملازم یا ممبر ہو جس کا سوسائٹی سے معاہدہ ہو یا وہ سوسائٹی کے لئے کام کرتے ہوں جس صورت میں کہ ممبر کمیٹی موصولہ منافع کے لئے جوابدہ نہ ہوگا) اس کا عہدہ خالی ہو جائے گا تاہم کسی ایسے ممبر کی طرف سے جس کا عہدہ جس مذکورہ بالا خالی قرار دیا گیا ہو۔ کوئی کام نیک نیتی کی بنا پر کیا گیا ہے تو وہ درست ہوگا سوائے اس کے کہ ایسا کرنے سے پہلے تحریراً کمیٹی کو مطلع کر دیا گیا ہو اور کمیٹی کے رجسٹر کارروائی میں اس امر کی تصریح کر دی گئی ہو کہ کمیٹی کا ہر ممبر اب کمیٹی کا ممبر نہیں رہا۔

۵۱۔ کمیٹی کسی عہدے کی خالی ہو جانے کے باوجود بھی نام جاری رکھ سکتی ہے لیکن اگر اور جب تک ممبران کمیٹی کی تعداد سے کم ہو جائے

جسکی تعین کر دی جائے یا جس سوسائٹی کے قواعد مطبوعہ ممبران کمیٹی کے کورم کے لئے ہونا ضروری ہو تو موجودہ ممبران کمیٹی صرف ممبران کمیٹی کی تعداد کو مقررہ حد تک بڑھانے کی غرض سے یا سوسائٹی کے اجلاس عام ہونے کی غرض سے کام کر سکتے ہیں لیکن اس کے سوا کسی اور غرض سے کام کے اہل نہ ہوں گے۔

## گیارہ: کمیٹی کے اختیارات

۵۲۔ سوسائٹی کا انتظام چلانے کی ذمہ داری کمیٹی پر ہوگی جو قانوناً اور قواعد وضوابط کی رُو سے اور واضع طور پر دیئے گئے اختیارات کی بنا پر ہر وہ اختیار رکھتی ہے یا ہر وہ کام انجام دے سکتی ہے جو کہ سوسائٹی رکھتی ہے یا انجام دے سکتی ہے اور ان کے بارے میں یہاں یا کسی قانونی ضابطے کے تحت یہ قرار نہ دیا گیا ہو کہ سوسائٹی ان کو اجلاس عام میں ہی طے کر سکتی ہے تاہم یہ سب کچھ ایکٹ کی دفعات کے مطابق، قوانین اور قواعد وضوابط اور وقتاً فوقتاً سوسائٹی کے اجلاس عام میں بنائے گئے دیگر قواعد کے مطابق ہونا چاہیئے بشرطیکہ کہ کوئی قانون یا ضابطہ کمیٹی کے کسی اس کام کو معطل نہیں کر سکتا ہے جو وہ اس قانون کے بننے سے پہلے ہی انجام دے چکی ہے اور جو اس قانون کی عدم موجودگی میں درست ہوتا۔

۵۳۔ گزشتہ قواعد وضوابط کے حوالے سے دیئے گئے اختیارات یا ان قواعد وضوابط کے تحت دیگر حقوق کو کم کرنے یا انہیں نقصان پہنچانے کی کسی نیت کے بغیر اس امر کا واضع طور پر اظہار کیا جاتا ہے کہ کمیٹی کو مندرجہ ذیل اختیارات وحقوق حاصل ہونگے۔ مثلاً

ا۔ کمیٹی کو رکنیت کی درخواستیں نپٹانے کا اختیار ہوگا۔

ب۔ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ خزانچی اور سیکریٹری کے حسابات کی پڑتال کرے۔ رجسٹرار حسابات کی کتابوں کا معائنہ کرے اور سوسائٹی کو واجب الادا رقوم کی وصولی کے لئے اقدامات اٹھائے۔

ج۔ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ جاری اخراجات کی منظوری دے، نقد بقایاجات کا حساب کرے اور دیگر متفرق کاروبار انجام دے۔

د۔ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ اس کا جائزہ لے کہ حسابات کی کتاب میں اندراجات درست ہیں اور اس پر روزانہ کمیٹی کے کسی ایک ممبر کے دستخط ہوتے ہیں۔

ھ۔ کمیٹی کو شکایات سننے اور انہیں نپٹانے کا اختیار ہوگا۔

و۔ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ رجسٹرار کے منظور کردہ فنڈز اور رقوم کو کسی ایک یا زائد بینکوں میں رکھوائے اور تحریری ریزولیوشن کے ذریعے اپنے میں سے زیادہ سے زیادہ دو ممبران کو ایسے حسابات سے رقوم نکلوانے کا اختیار دے یعنی مشترکہ طور پر یا الگ الگ جیسے بھی ریزولیشن میں دیا گیا ہو۔

ز۔ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ جملہ افسران (ماسوا آڈیٹر) قانونی مشیروں، منیجروں، ماہرین تعمیرات، ماہرین سروے، اکاؤنٹنٹوں، ایجنٹوں اور ہر طرح کے اہل کاروں ز ور ملازمین کا تقرر کرے۔ انہیں معطل کرے یا انہیں ہٹادے۔ اس طرح ان کے فرائض اور معاوضے مقرر کرے اور ان سے کمیٹی کی منظوری کی ضمانت طلب کرے۔

ح۔ کمیٹی کو سوسائٹی کی طرف سے ہر طرح کے معاہدے کرنے اور ان کی شرائط طے کرنے کا اختیار ہوگا۔

ط۔ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ سوسائٹی کے کرایہ داروں، سوسائٹی کی املاک اور ان کے کرایہ پر چڑھانے (بشمول آگے کرائے پر چڑھانے کی ممانعت کے) یا انہیں فروخت کرنے (ممبران کو قرض دینے اور اسکی ضمانت دہی کے بشمول) کے سلسلے میں جیسا بھی مناسب سمجھے قواعد وضوابط اور شرائط وغیرہ بنائے، ان کو ختم کرے، یا ان میں وقتاً فوقتاً تبدیلیاں کرے یا انہیں مستقلاً نافذ کرے بشرطیکہ کہ ایسے تمام قواعد وضوابط اور شرائط یا تبدیلیاں اور اضافے رجسٹرار سے تحریری طور پر قبل از وقت منظور کئے جائینگے اور جب تک ایسی منظوری نہ مل جائے ان پر عمل درآمد نہ ہوگا۔

ی۔ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ سوسائٹی کی طرف سے یا سوسائٹی کے خلاف مطالبات، واجبات، قرضہ جات یا مقدمے کے سلسلے میں کسی قانونی عدالت میں یا بذریعہ ثالثی اپنا کیس لڑے، اس کا تصفیہ کرے یا اس کی مفاہمت کیلئے قدم اٹھائے البتہ اگر کوئی مطالبہ زر ایک لاکھ روپے سے زائد ہوگا تو اس کے لئے اجلاس عام کی منظوری لینا ہوگی۔

ک۔ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ سوسائٹی کی طرف کئے جانے والے کاروبار کیلئے تمام اجلاسوں کی کارروائی کے لئے اور خود اپنی کارروائی کے لئے مناسب رجسٹر اور کتابیں مہیا کرے اس طرح ان تمام اندراجات کے لئے بھی کتابیں مہیا کرے جن کئے جانے کے بارے میں اجلاس عام ہدایت کرے۔

جلد بعد مطلع کرے گا۔اور یہ اجلاس سیکریٹری کونوٹس وصول ہونے کی تاریخ سے دو مکمل دن گزرنے کے بعد اور چار مکمل دن گزرنے سے پہلے کمیٹی کے اجلاسوں کے لئے مقررہ جگہ پر ہوگا۔اس اجلاس میں نوٹس میں واضع کردہ معاملات کے علاوہ کسی اور معاملے پر غور نہ ہوگا۔

۵۷۔ کمیٹی اپنے موضہ اختیارات میں سے کسی کو بھی اپنے ممبران پر مشتمل ایک یا زائد سب کمیٹیوں کو منتقل کرسکتی ہے جو اپنے فرائض کو ہرحال میں کمیٹی کے طے کردہ ہدایات اور قواعد کے مطابق انجام دینگی۔دو یا ان سے زائد ممبران پر مشتمل ان کمیٹیوں کے اجلاس اور کارروائی ان قواعد وضوابط کے پابند ہوں گے جو یہاں کمیٹی کے اجلاسوں اور ان کی کارروائی کے سلسلے میں بنادیئے گئے ہیں جب تک کہ اس قاعدہ کے تحت یہ قواعد وضوابط ان پر لاگو ہوتے ہوں اور کمیٹی نے انہیں منسوخ کرکے کوئی اور قوانین نہ بنادیئے ہوں۔

۵۸۔ کمیٹی کی کسی میٹنگ یا اسکی کسی سب کمیٹی کی میٹنگ میں طے کئے گئے امور قطع نظر اس بات کہ بعد میں کمیٹی کے کسی ممبر یا ممبران بارے میں یہ معلوم ہو کہ ان کے تقرر میں کوئی خامی تھی یا ان میں ایک یا زائد ممبران نااہل ہو گئے تھے،اسی طرح درست سمجھے جائیں گے جس طرح کہ ممبران کی تقرری میں کوئی کمی نہ ہوگی یا وہ کمیٹی کے ممبر بننے کے پوری طرح اہل ہوتے۔

## تیرہ: سیکریٹری

۵۹۔ سیکریٹری: کمیٹی ایک سیکریٹری کا تقرر کرے گی یا اسے منتخب کرے گی جس کے مندرجہ ذیل فرائض ہوں گے۔

(۱) وہ سوسائٹی اور کمیٹی کے تمام اجلاس بلائے گا اور ان میں حاضر ہوگا۔اس طرح کمیٹی کی طرف سے مقررہ سب کمیٹی کے بھی اور رجسٹر کارروائی میں ان کے اجلاسوں کی کارروائی ریکارڈ کرے گا۔جس پر اس کے اور میٹنگ کے چیئرمین کے دستخط ہوں گے جس طرح کہ کمیٹی اس سلسلے میں ہدایات جاری کرے گی۔

(۲) وہ کمیٹی کی خواہش کے مطابق سوسائٹی کے کاروبار کے بارے میں بیانات جاری کرے گا اور وہ تمام اطلاعاتی مواد جو رجسٹرار کو مطلوب ہوگا۔اسے تیار کرنے اور بھجوانے کا ذمہ دار ہوگا۔

(۳) سوسائٹی کے کاغذات اور دستاویزات اسکی تحویل میں رہینگے اور وہ حسابات کو کمیٹی کی ہدایات کے مطابق تیار کرے گا۔

(۴) وہ سوسائٹی کے قواعد وضوابط کی رُو سے ممبران،حصص،ڈیبنچر زادھار سرمائے کے رجسٹر اور قرضوں اور امانتوں کے سلسلے میں جملہ کتابیں اپنے پاس رکھے گا اور سوسائٹی کے ممبران کی طرف تمام نقد ادائیگیاں،جرمانے اور دیگر ادائیگیاں وصول کرے گا۔کمیٹی کے احکامات کے تحت اخراجات عمل میں لائے گا اور ان کا حساب رکھے گا۔

(۵) وہ سوسائٹی کی طرف سے خط و کتابت کرے گا۔

(۶) وہ تمام امور میں کمیٹی کے نظم و ضبط اور ہدایات کے مطابق اپنے فرائض انجام دے گا۔

۶۰۔ سیکریٹری کی عدم موجودگی میں، کمیٹی کسی بھی دوسرے شخص کو اس کے فرائض انجام دینے کا اختیار دے سکتی ہے۔

۶۱۔ سوسائٹی کی طرف سے دستخط کردہ تمام دستاویزات اور رسیدات پر سیکریٹری اور کمیٹی کے ایک ممبر کے دستخط ہوں گے۔

## چودہ: افسران کی طرف سے ضمانت

۶۲۔ افسران کی طرف سے ضمانت:۔ ہر وہ شخص جو سوسائٹی کے اصول کا ذمہ دار ہو یا ان کی وصولی کرتا ہو وہ اپنے عہدے کا چارج سنبھالنے سے پہلے کمیٹی کی طرف سے منظور اور طے کردہ ضمانت مہیا کرے گا تا کہ سوسائٹی کی جانب سے ادا کردہ اور وصول کردہ رقوم کا صحیح صحیح حساب رکھا جا سکے۔

## پندرہ: کارروائی

۶۳۔ سوسائٹی، کمیٹی اور ہر سب کمیٹی کی کارروائی باقاعدگی کے ساتھ سیکریٹری کی طرف سے ضبط تحریر میں لائی جائے گی اور اس میں ان تمام امور کا لحاظ رکھا جائے جس کا فیصلہ کمیٹی کرے اور ہر سالانہ عام اجلاس اور کمیٹی کی ہر اجلاس کی کارروئی بالترتیب اگلے ایسے اجلاس میں پڑھکر دنائی جائے گی اور اس پر اجلاس کے چیئرمین کے دستخط ہوں گے جس میں وہ پڑھی جائے اور خصوصی اجلاس عام اور سب کمیٹی کی کارروائی کمیٹی کے اگلے اجلاس میں پڑھی جائے گی اور اس اجلاس کا چیئرمین اس پر اپنے دستخط ثبت کرے گا اور اس طرح دستخط کردہ کارروائی سوسائٹی اور ہر ممبر کے مابین فیصلہ کُن ہوگی سوائے اس کے کہ کوئی واضح غلطی ہو جائے۔

## سولہ: کرایہ داران

۶۴۔ کوئی ممبر سوسائٹی کا کرایہ دار نہیں بن سکتا سوائے اس کے کہ وہ کم از کم پانچ حصص کا مالک ہو۔

۶۵۔ کوئی رہائش گاہ جو پٹے پر دی جانی مطلوب ہو سوسائٹی کے ممبران حاصل کر سکتے ہیں سوائے اس کے کہ کوئی بھی ممبر اس کے حصول میں دلچسپی نہ رکھتا ہو۔

۶۶۔ تمام بیرونی مرمت سوسائٹی کے خرچ پر ہوگی سوائے اس کے کہ کمیٹی اس سلسلے میں کوئی دوسرا فیصلہ کرے۔ مگر اندرونی مرمت اور

اس کا خرچہ کرایہ دار کی ذمہ داری ہوگی جو کمیٹی کی تسلی کے مطابق ہوگی۔ سوائے ان صورتوں کے جن میں کمیٹی اس سلسلے میں کوئی دوسرا فیصلہ کرے۔ جب کمیٹی کی رائے میں ایسی مرمت کرنا ضروری ہو جائے تو کمیٹی اس کے کرنے کا حکم دے سکتی ہے اور اگر کرایہ دار ایسا نہیں کرتا تو سوسائٹی یہ خرچہ اس کے حصص سرمائے، ادھار سرمائے، یا امانتی کھاتے کے بالمقابل کرے گی۔ اگر کرایہ دار چھوڑ چلا جاتا ہے تو بھی اس قاعدے کا اطلاق ہوگا۔

## سترہ: منافع

۶۷۔ قرضوں اور امانتوں پر سود شمار کرنے کے بعد اور سوسائٹی کی تعمیرات کی کُل لاگت کا 10 فیصد سالانہ کے برابر ادائیگی قرضہ جات کے فنڈ (سنکنگ فنڈ) میں جمع کرنے کے بعد سوسائٹی کے یا سوسائٹی کی طرف سے کئے گئے کاروبار پر ہونے والے خالص منافع کا دس فیصد ایک محفوظ فنڈ میں جمع کر دیا جائے گا۔

۶۸۔ بقایا 90 فیصد حسبِ ذیل طریقے پر استعمال کیا جائے گا۔

(۱) بطور منافع منقسمہ جو ادا شدہ سرمائے پر بنک ریٹ فیصد سالانہ سے زیادہ نہ ہوگا۔ اور جسکی ادائیگی کمیٹی کی طرف سے طے کردہ ایام میں ہوگی۔

(۲) منافع کا ایک حصہ ایک مشترکہ فنڈ کو دے دیا جائے گا جو سماجی، تفریحی اور تعلیمی مقاصد کیلئے استعمال ہوگا اس حصے کا تعین کمیٹی کی سفارش پر سالانہ عام اجلاس کرے گا۔

(۳) کمیٹی کا ایک حصہ سوسائٹی کے کرایہ دار ممبروں کی اس سال کے لئے کرائے کی رقم پر بطور منافع منقسمہ دیا جائے گا۔ اس کا تعین بھی کمیٹی کی سفارش پر سالانہ اجلاس عام کرے گا۔ ایسا منافع منقسمہ سرمائے میں اضافہ شمار ہوگا اور متعلقہ ممبر کے حصص سرمایہ میں جمع ہوتا رہے گا یہاں تک کہ کُل سرمایہ =/6000 روپے ہو جائے گا۔ ازاں یہ ممبر کے ادھار سرمائے کا حصہ بنتا رہے گا اور اگر ممبر کا ادھار سرمایہ کھاتہ نہیں ہے تو اس کے لئے ایک قرض کھاتہ کھولا جائے گا جس شرح سود کا تعین کمیٹی کرے گی۔

(۴) اگر کچھ رقم باقی بچ رہی تو اسے اگلے سال مین شمار کر لیا جائے گا۔ یا اس طرح خرچ کیا جائے گا جس طرح کمیٹی کی سفارش پر سالانہ عام اجلاس فیصلہ کرے۔

۶۹۔ منتقل کردہ حصص پر منافع منقسمہ:۔

ان حصص پر منافع منقسمہ ان حصص کے رجسٹرڈ مالک کو ادا کیا جائے گا جو سوسائٹی کی کتابوں میں متعلقہ سال کی آخری تاریخ کے شواہد کے مطابق ہوگا۔

۷۰۔ جس ممبر نے سوسائٹی کے تحریری نوٹس کے باوجود ایک ماہ سے زائد عرصہ تک سوسائٹی کو کوئی بھی قابل ادا رقم ادا نہ کی ہو، اسے سود یا منافع منقسمہ ادا نہیں کیا جائے گا۔ اس طرح کا سود یا منافع منقسمہ سوسائٹی کی ملکیت ہوگا۔

۷۱۔ ریزرو کی عدم تقسیم:۔
سوسائٹی کا محفوظ یا ریزرو فنڈ نا قابل تقسیم ہوگا چنانچہ سوسائٹی کے خاتمے پر اس فنڈ سوسائٹی کے کسی انفرادی ممبر کا کوئی حق نہ ہوگا تاہم کسی بھی طرح کے اخراجات کی ادائیگی کے بعد (جن کی رجسٹرار تصدیق کرے گا فنڈ کے مقابل قابل ادا تھے) فنڈ مفاد عامہ کے کسی ایسے کام کے لئے وقف کر دیا جائے گا جسے اس غرض کے لئے بلایا گیا اجلاس عام منظور کرے اور جسے رجسٹرار کی منظوری بھی حاصل ہو۔ سوسائٹی کو اس ریزرو فنڈ کو سوسائٹی کے کاروبار میں لگانے کا مکمل اختیار ہے اور اس کی پابند نہیں کہ اس فنڈ کی رقم کو دوسرے اثاثوں سے الگ تھلگ رکھے۔

## اٹھارہ: حسابات

۷۲۔ سوسائٹی کے ہر تختہ واصل باقی (بیلنس شیٹ) کیساتھ ممبران کی مکمل فہرست منسلک کی جائے گی یعنی بحیثیت تعداد ممبران نہ کہ حیثیت اسمائے ممبران جس میں ہر ایک کی حصص ملکیت درج ہوگی اس طرح سرمائے کے مالکان کی ایک فہرست بھی ساتھ منسلک ہوگی۔ تختہ واصل باقی میں اس بات کا تذکرہ ہونا چاہئے کہ کس تاریخ پر منافع منقسمہ اور سود اس میں شامل ہیں۔

۷۳۔ سوسائٹی کی طرف سے ایک بنک اکاؤنٹ کھولا جائے گا جس میں سوسائٹی کو موصولہ تمام رقوم جمع کروائی جائیں گی۔ سوائے اس کے کہ معمولی اخراجات کی ادائیگی کے لئے ایک رقم جو پانچ سو روپے سے زائد نہ ہوگی۔ سیکریٹری اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔ مبلغ =/20 روپے زائد کی تمام رقوم کی ادائیگی بذریعہ چیک ہوگی جس پر سیکریٹری اور کمیٹی کے ایک ممبر کے دستخط ہونگے۔

۷۴۔ ہر ممبر کے پاس ایک پاس بک ہوگی جس پر سیکریٹری کی جانب سے ایسے ممبر کی طرف سے ادا کردہ اور وصول کردہ رقوم کا اندراج ہوگا۔

۷۵۔ سوسائٹی ہر سال تیس ستمبر یا اس سے پہلے ایک سالانہ بیلنس شیٹ شائع کیا کرے گی جس میں مندرجہ ذیل شامل ہوں گے۔

(ا) نفع و نقصان کا حساب۔

(ب) گزشتہ مالی سال کی وصولیابی اور اخراجات۔

(د) سوسائٹی کی جائیداد اور اثاثوں اور ذمہ داریوں کا ایک خلاصہ جس میں اثاثوں اور ذمہ داریوں کی نوعیت کی وضاحت کے لئے تفصیلات شامل ہوں نیز یہ بھی کہ قائم اثاثوں کی مالیت کا تخمینہ کس طرح لگایا گیا ہے۔ اوقات کار کے دوران ہر ممبر کے معائنے کے لئے سوسائٹی کے دفتر میں موجود ہوگا۔ ۳۰ ستمبر سے پہلے اس کی ایک نقل رجسٹرار کو بھی پیش کی جائے گی۔

## ۷۶۔ آڈیٹر کا تقرر۔

سرکاری آڈٹ کے علاوہ سوسائٹی اپنے عام اجلاس میں ایک آڈیٹر کا تقرر کرے گی جو کمیٹی کی طرف سے تیار کردہ سوسائٹی کے حسابات کا جائزہ لے گا جیسا کہ پہلے تذکرہ آچکا ہے۔ آڈیٹر سالانہ بیانات کا جائزہ لے گا اور متعلقہ حسابات سے ان کا مقابلہ
۱۲ کرے گا اور ان کی تصدیق کرے گا اور یا تو ان کو جیسا درست پایا ان پر اپنے دستخط ثبت کرے گا جو بحفاظت اور قانون کے تقاضوں کے مطابق رکھے گئے تھے یا پھر ان کے بارے سوسائٹی رپورٹ کرے گا کہ کس کس ضمن میں ان میں غلطی پائی گئی یا ان کو غیر محفوظ پایا یا وہ قانون کے مطابق صحیح نہ تھے۔

۱۳

## ۷۷۔ آڈیٹر کے اختیارات۔

آڈیٹر سوسائٹی کی کسی بھی دستاویز یا حق کو پیش کرنے کے لئے کہہ سکتا ہے اور اس کا معائنہ کر سکتا ہے اور ہر اس ضمن میں سوسائٹی کو خصوصی رپورٹ بھیج سکتا ہے جس کے بارے میں وہ یہ سمجھے کہ اس کا نوٹس لیا جانا چاہیے۔

## ۷۸۔ حسابات اور رپوٹوں کی اشاعت۔

سوسائٹی کے آخری تختہ واصل باقی اور اگر کوئی آڈٹ رپورٹ ہو تو اسکی نقل سوسائٹی کے رجسٹرڈ آفس میں ایک واضح جگہ پر ہمیشہ لٹکائی/رکھی جائے گی۔

## اُنیس: قواعد و ضوابط میں تبدیلی

۷۹۔ کوئی قاعدہ نہ بنایا جا سکتا ہے، نہ تبدیل کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی منسوخ کیا جا سکتا ہے جب تک کہ:۔
اس سلسلے میں کوئی تجویز تمام ممبران کو دس دن پیشگی نہ پہنچادی گئی ہو اجلاس عام میں حاضر اور ووٹ دینے والوں کی دو تہائی اکثریت اس ریزولیوشن کو منظور نہ کر دے۔ اور اجلاس، تبدیلی یا منسوخی رجسٹرار کی طرف سے منظور اور رجسٹر نہ کر لی جائے۔

## بیس: عمومی

### ۸۰۔ بقایاجات پرواجب الادا سُود۔

جس ممبر پر نوٹس دینے کے تیس دن بعد بھی بقایاجات واجب الاداہوں اسے واجب الادا رقم پر دو پائی فی روپیہ فی ماہ سود ادا کرنا ہوگا۔

### ۸۱۔ معقول اطلاع۔

اگر اطلاع بذریعہ ڈاک ہو یا ممبر کے رجسٹرڈ پتہ پر بھجوا کردی گئی ہو تو یہ سمجھا جائے گا کہ ہر ممبر کو میٹنگ، ریزولیوشن یا دیگر کسی معاملے کے بارے میں اطلاع ہوگئی ہے جن کے بارے میں قانون یا قواعد وضوابط کے تحت اطلاع دینا ضروری ہے۔

### ۸۲۔ انفرادی حق معائنہ۔

کسی بھی ممبر کو سوسائٹی کے رجسٹرڈ آفس میں یا جہاں بھی حسابات ہوا پنے حسابات کسی بھی معقول وقت میں دیکھنے کی اجازت ہوگی۔ البتہ ان پر ان قواعد وضوابط کا اطلاق ہوگا جو کمیٹی وقت اور طریق کار کے بارے میں وقتاً فوقتاً اس سلسلے میں وضع کرے۔

### ۸۳۔ سوسائٹی کی مہر۔

سوسائٹی کی ایک مشترکہ مہر ہوگی جو سیکریٹری کی تحویل میں ہوگی۔ اور جو صرف کمیٹی کے ریزولیوشن کی بنا پر استعمال کی جائے گی۔ اور ہر وہ وثیقہ یا دستاویز جو فروخت سے متعلق ہو وہ سوسائٹی کی طرف سے طور تصدیق شدہ ہوگی کہ اس پر کمیٹی کے دو ممبران اور سیکریٹری یا سیکریٹری کی جگہ کمیٹی کی طرف سے مقرر کردہ شخص کے دستخط ثبت ہوں گے۔

## اکیس: تشریح وتعبیر

۸۴۔ ان قواعد وضوابط کی تشکیل میں مندرجہ ذیل الفاظ اور مجموعہ ہائے الفاظ کے بالترتیب مندرجہ ذیل معنی، مفہوم ہوں سوائے اس کے کہ نفسِ مضمون کا سیاق وسباق اس کے برعکس مفہوم ظاہر کریں۔

(ا) الفاظ جو واحد جمع کی شکل میں استعمال ہوئے ہیں وہ جمع اور واحد کا مفہوم بھی رکھتے ہیں اور جو مذکر کے مفہوم میں استعمال ہوئے ہیں وہ مونث کا مفہوم رکھتے ہیں۔

(ب) سوسائٹی کا مطلب ہے "لودھی برادری کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی"

(ج) ایکٹ کا مطلب ہے "کوآپریٹو سوسائیٹیز ایکٹ نمبر سات برائے ۱۹۲۵ء"

(د) قوانین کا مطلب ہے وہ قوانین جو اس ایکٹ کے تحت فی الوقت لوکل گورنمنٹ نے تشکیل دیئے ہوں۔

(ھ) "رجسٹرار" کا مطلب ہے وہ شخص جو اس ایکٹ کے تحت کوآپریٹو سوسائیٹیز کے رجسٹرار کے فرائض انجام دینے کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔

(و) کمیٹی کا مطلب ہے سوسائٹی کی انتظامی کمیٹی جبکہ کمیٹی مین یا مین کا مطلب ہے ایسی کمیٹی کا ممبر یا ممبران۔

(ر) لفظ وہ "اسے" یا "شخص" میں کمپنی یا سوسائٹی کا مفہوم شامل ہے۔

دستخط

ڈپٹی رجسٹرار

کوآپریٹو سوسائٹی کراچی